

# SHARI’AH BOARD REPORT

FOR THE YEAR ENDED DECEMBER 31, 2023

# بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمْ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَالصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى خَاتَمِ الْاَنْبِيَآءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ اَمَّا بَعْدُ

The Shari'ah Board hereby present its annual report on the affairs of MCB Islamic Bank Ltd.

The Shari'ah Board (SB) of MCB Islamic Bank Ltd. (the Bank) was constituted in September, 2015. Currently Shari'ah Board comprises of respected Prof. Mufti Munib-ur-Rehman as a Chairman Shari'ah Board, Mufti Syed Sabir Hussain as a Resident Shari'ah Board Member (RSBM) and Mufti Nadeem Iqbal as a Member Shari'ah Board. All Shari'ah Board Members remain available throughout the year and number of meetings were held through audio and video conferencing. In addition to that, four formal meetings of the Shari'ah Board were held during the year 2023 on the following dates to review various matters which apart from other matters, include new products and services, product modifications, transactions, structures, processes and Shari'ah issues, referred to them:

- First Shari'ah Board Meeting – Mar 20, 2023
- Second Shari'ah Board Meeting – Jun 19, 2023
- Third Shari'ah Board Meeting – Sep 06, 2023
- Fourth Shari'ah Board Meeting – Dec 19, 2023

The important thing, which creates differences between the governance of Islamic and conventional banking institutions, is the Shari'ah Board, it plays an additional role in governance of institutions. Furthermore, Shari'ah Compliance mechanism ensures the implementation of Shari'ah Board instructions and guidelines not only in products and services but also in overall environment of the Islamic bank which could have a positive impact on performance of it. All decisions, rulings, instructions & guidelines and fatawá of the SB are binding on the Bank.

In order to assist the SB to supervise all these matters throughout the year, the Shari'ah Compliance Department (SCD), apart from the SB meetings, closely coordinated with SB. Shari'ah Compliance is an ongoing process carried out throughout the year. This resulted in the continuous involvement of SB on Shari'ah affairs of the Bank as well as enabled them to approve, by way of circulation, different matters in a timely manner.

1. While the Board of Directors and Executive Management are solely responsible to ensure that the operations of the Bank are conducted in a manner that comply with Shari'ah principles at all times, we are required to submit a report on the overall Shari'ah compliance environment of the Bank. During the year 2023, Shari'ah Board – Board of Directors' Meeting held on the following dates::

   - First Shari'ah Board – Board of Directors' Meeting – April 26, 2023
   - Second Shari'ah Board – Board of Directors' Meeting – December 19, 2023

2. To form our opinion as expressed in this report, the Shari'ah Compliance Department (SCD) of the Bank carried out reviews of each type of transactions on sample basis, product, process flow/ modus operandi and concepts under the supervision of RSBM/Head Shari'ah Compliance. SCD kept Shari'ah board informed regarding Shari'ah compliance review activities of branches and back offices of the Bank. A list of branches for Shari'ah compliance review was approved by the Shari'ah Board. In this regard, 128 branches have been reviewed for Shari'ah compliance and compliance has been observed regarding non-branch entities as per Shari'ah Compliance Program approved by SB. In order to enhance the level of knowledge on Islamic Banking and Finance of Bank's staff; Shari'ah trainings were made mandatory for entire staff of the Bank with the coordination of Learning & Development Department (L&D – HRG). Furthermore, RSBM/Head-SCD and SCD's staff made surprise visits to 19 branches at South and North regions to ensure regulatory and Shari'ah compliance. Subsequently, report presented to Board of Directors and Shari'ah Board.

3. Islamic Banks are fundamentally very different from their traditional counterparts out of a variety of angles. The basic rule for Islamic bank is adherence to Shari'ah, and in case of divergence from it, raises the probability of Shari'ah Non-Compliance that is very important besides observance of banking regulations. So, to maintain and increase the confidence of customers, Shari'ah compliance plays a vital role in this regard. So far, to ensure the Shari'ah compliance five (5) Instructions & Guidelines and Seven (7) Fatāwá by the Shari'ah Board of the Bank are in vogue without any changes. Instructions & Guidelines and Fatāwá issued by the Shari'ah Board are being implemented in the Bank in true letter and spirit.

4. SCD with the coordination of management and under the supervision of RSBM/Head Shari'ah Compliance has reviewed various Product documents. The SCD conducted review of 128 branches plus made surprise visits of 19 benches and subsequently issued reports to relevant branches. Additionally, SCD conducted Shari'ah compliance review of back offices to ensure that the Bank's operations are in line with Shari'ah principles. SB has reviewed and approved 46 modus operandi out of which 25 for Corporate Banking, 15 for Commercial Banking, 06 for SME Banking. As far as modes are concerned, , 09 pertain to Diminishing Mushārakah, 18 for Finished Goods Murabahah & Murabahah, 1 for Ijārah, 1 for Istisnāh, 1 for , Mushārakah Running Finance and 1 for Currency Salam in the year 2023.

5. SCD has also facilitated Islamic Banking training sessions for the front and back offices staff of the Bank in order to comply with regulatory instructions. L&D not only arranged class room sessions but also arranged virtual session through different available modes. Online Islamic Banking training modules were also available at Learning Management Systems (LMS) for the easy access of Islamic Banking knowledge to staff. L&D found determined to adhere with the regulatory requirement on training of staff on Islamic Banking & Finance. Therefore, number of session were arranged for the capacity enhancement of staff with the facilitation of SCD. A combination of both Classroom & Virtual sessions were adopted to fulfill the need of outreach branches for Islamic Banking trainings.
   Moreover L&D-HRG has taken initiatives to establish an effective and comprehensive Islamic Banking training mechanism in compliance with IBD Circular No. 02 of 2018, Dated: Jun 29, 2018, "Enhanced Training & Capacity Building Measures for Islamic Banking Institutions (IBIs)" issued by Islamic Banking Department, State Bank of Pakistan, for the Bank's front and back offices staff at all levels. SCD's staff facilitated as internal trainers on the Shari'ah related training initiatives during the year. Furthermore, alongside regulatory requirements of executive management Shari'ah trainings, L&D and SCD have jointly developed Islamic Banking & Finance Module and AAOIFI Shari'ah Standards Module for capacity building of Executive Management.

6. SCD has taken all necessary required actions in order to comply with the SBP-IBD Circular No. 01 of 2021, Dated: June 14, 2021, Shari'ah Non-Compliance Risk Management (SNCRM). SCD has ensured that SNCRM should be an essential element of Bank's overall Risk Management Framework. SCD shall report all Shari'ah Non-Compliance events and transactions to the Risk Management & Portfolio Review Committee of the Board & Shari'ah Non-Compliance Risk Management Committee as well as to the Shari'ah Board on a quarterly basis. As far as monitoring of SNCRM is concerned, a Management Committee with the title of Shari'ah Non-Compliance Risk Management Committee has been formed under Chair of President/CEO and representation form all Groups. This committee is responsible for close monitoring of Shari'ah Non-Compliance Risk at the operational / management level. Regular meetings of all committees are being conducted and SCD reports all Shari'ah Non-Compliance events and transactions to the said committees.

7. Shari'ah Board praises and encourages the continuous, comprehensive & profound efforts and commitment of the Bank's Board of Directors and the Management regarding implementation of all Fatāwá and instructions & guidelines issued by the Shari'ah Board.

## RECOMMENDATIONS

Based on the observations made through Shari'ah review reports and Shari'ah Compliance checks, it is recommended that:

i. In the future, there shall be more Shari'ah Training in compliance with regulatory requirements. Furthermore, Shari'ah Board strongly recommends classroom Shari'ah training sessions for all staff members for better understanding of concepts of Islamic Banking. The arrangement of purpose built training locations should be ensured so that participants could get more & more benefits.

ii. More focus is needed on practical aspects and document execution of products of Treasury, Corporate, Commercial & SME and Trade Operations of the Bank. It is also strongly recommended to ensure mandatory Product & Shari'ah trainings of the back office.

iii. Arrange general public awareness programs like, Seminars, Workshops and Question & Answer Sessions from the Bank's platform for building up the true image of Islamic Banking & Finance as well as creating awareness / removing misconception about Islamic banking.

iv. Shari'ah Board recommends the participation of representatives of all groups of Bank including Shari'ah Board in national & international conferences which will be beneficial for the Bank's brand image and capacity enhancement of the Bank's staff.

v. Shari'ah Board suggests the offering of Shari'ah advisory services to non-banking financial institution to contribute in Islamization of whole economy in line with the verdict of Federal Shari'ah Court dated 28th of April, 2022 on its Judgement on Riba.

vi. It is also suggested that Bank may offer its services to Government entities to Islamize their operations.

vii. Continuity of Shari'ah trainings of the Bank's higher management.

viii. Continue with Microfinance activities and the Bank should encourage the Islamic Microfinance due to its requirement in the country. Through Islamic Microfinance, Islamic Banking Industry can penetrate at grass-root level to facilitate micro level traders. It will increase the level of awareness of Islamic banking at micro level.

ix. As far as internal environment of the Bank is concerned, all staff members of front and back offices are strongly recommended to follow the proper dress code strictly, which should be in line with the Bank Dress code policy, cultural norms, and reflect due modesty as required by the dictates of Shari'ah. It is recommended to take disciplinary action in case of violation of Dress Code Policy.

x. It is suggested to consider transitioning the significant customer portfolio to Takāful, which adheres the Islamic principles.

xi. It is strictly instructed to address remaining unresolved issues related to Mushārakah Running Finance, particularly with government entities. Additionally, the consideration of profit distribution arrangements, particularly in cases of placement with other banks, is encouraged for resolution.

xii. Collect the outstanding charities with different customers or obtain formal Shari'ah Board approval in case of exemption and deferral as per approved charity policy of the bank.

## CONCLUSION

Shari'ah Board has reviewed & advised corrective measures on SBP Inspection Report. The External & Internal Shari'ah Audit & Shari'ah Compliance Inspection reports and is of the view that:

i. The Bank has complied with Shari'ah rules and principles in the light of Fatāwá and Instructions and Guidelines issued by Shari'ah Board.

ii. The Bank has complied with SBP Inspection report in true letter and spirit.

iii. The Bank has complied with directives, regulations, instructions and guidelines related to Shari'ah compliance issued by SBP in accordance with the rulings of SBP's Shari'ah Advisory Committee.

iv. The Bank has a comprehensive mechanism in place to ensure Shari'ah Compliance in their overall operations.

v. As far as Charity fund is concerned, separate liability account (non-chequing) is opened in separate General Ledgers for each type of Charity Fund Collection:

   **a.** Charity due to late payment,
   **b.** Charity against other Non-Shari'ah compliant income
   **c.** Dividend purification amount.

   Funds cumulated in above mentioned each type of "Charity Collection Fund Account" is maintained in Shari'ah Compliant remunerative account at the discretion of Shari'ah Board/Resident Shari'ah Board Member.

   Charity Fund is utilized for charitable, social welfare, religious, educational or any other purposes approved by Charity Committee / Shari'ah Board.

   In the year 2023 the addition in the amount of Charity was PKR 26.619 million from different heads which was instructed to transfer to the Charity account.

| Additions in Charity account during the year | Rupees in Thousands |
|---|---|
| Received from customers against late payment | 25,353 |
| Dividend purification amount | 451 |
| Charity against other Non-Shari'ah compliant income | 14 |
| Profit on charity saving account | 801 |
| **Total additions in Charity account during the year** | **26,619** |

The Bank has disbursed the Charity amount to Shari'ah approved charitable organizations as per Bank's charity policy and SBP's guidelines. Details of Charity account are available in the note # 19.2.1Shari'ah Board appreciates the maintenance of a strong Shari'ah compliance environment by SCD. Shari'ah Board would like to praise Shari'ah Compliance Department/RSBM for efforts made by SCD during the year.

**vi.** The Bank has complied with the SBP instructions on profit and loss distribution and pool management.

**vii.** While the Bank is actively pursuing training of its human resources about various aspects of Islamic Banking & Finance through training sessions/seminars. Recently, a new program has been introduced named as "New Hires Orientation & Induction Certification Program" for new hires to equip them with various concepts of Islamic Banking. However further improvement is required to enhance the level of awareness of Islamic Banking & Finance of the staff, management and the BOD through enhanced training mechanism for each level. Top management and the BOD have made sincere efforts and appreciate the importance of Shari'ah compliance in overall operations of the Bank.

**viii.** The Shari'ah Board has been provided adequate resources enabling it to discharge its duties effectively.

Shari'ah Board praises and acknowledged the efforts of Shari'ah Compliance Department/RSBM of the Bank that besides Shari'ah Compliance environment of the bank in regulatory inspection there was no instance regarding Non-compliance of regulatory requirements as far as Shari'ah Governance Framework is concerned.

Shari'ah Board would like to take this opportunity to offer praise to Almighty Allah and seek his guidance and Tauwfeeq, and to express its wishes for further progress, development and prosperity of Islamic Banking, under the sincere efforts of senior management, and Islamic Banking industry in Pakistan as a whole.

| | | |
|---|---|---|
| **Mufti Syed Sabir Hussain** | **Professor Mufti Munib-ur-Rehman** | **Mufti Nadeem Iqbal** |
| Resident Shari'ah Board Member | Chairman Shari'ah Board | Member Shari'ah Board |

**Date: February 15, 2024**

# شریعہ بورڈ رپورٹ (مالی سال اختتام پذیر ۳۱ دسمبر ۲۰۲۳ء)

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعَالَمِيۡنَ وَالصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى خَاتَمِ الۡاَنۡبِيَآءِ وَالۡمُرۡسَلِيۡنَ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحۡبِهٖ اَجۡمَعِيۡنَ اَمَّا بَعۡدُ

شریعہ بورڈ ایم سی بی اسلامک بینک لمیٹڈ کے اُمور سے متعلق اپنی سالانہ رپورٹ پیش کرتا ہے۔

ایم سی بی اسلامک بینک کا شریعہ بورڈ ستمبر2015ء کو تشکیل پایا، موجودہ شریعہ بورڈ پروفیسر مفتی منیب الرّحمٰن چیئرمین شریعہ بورڈ، مفتی سیّد صابر حسین ریزیڈنٹ شریعہ بورڈ ممبر اور مفتی ندیم اقبال، ممبر شریعہ بورڈ پر مشتمل ہے۔2023ء میں پورا سال شریعہ بورڈ کی خدمات ادارے کو حاصل رہیں، بینک کے معاملات کے حوالے سے شریعہ بورڈ نے ٹیلی فون اور ویڈیو کانفرنس کالز کے ذریعے بھی کئی غیر رسمی ملاقاتیں کیں ۔علاوہ آزیں 2023ء میں شریعہ بورڈ کے 4 رسمی اِجلاس درجِ ذیل تاریخوں میں منعقد ہوئے، جس میں دیگر اُمور کے علاوہ نئی پراڈکٹس اور خدمات کے ساتھ ساتھ موجودہ پراڈکٹس اور خدمات میں ترامیم کا شرعی جائزہ لیا گیا۔

- شریعہ بورڈ کا پہلا اِجلاس، 20 مارچ 2023 ء
- شریعہ بورڈ کا دوسرا اِجلاس، 19 جون 2023 ء
- شریعہ بورڈ کا تیسرا اِجلاس، 06 ستمبر 2023 ء
- شریعہ بورڈ کا چوتھا اِجلاس، 19 دسمبر 2023 ء

شریعہ بورڈ ایک ایسا بنیادی میکانزم ہے جو اسلامی اور روایتی بنکوں کی گورنس میں امتیاز قائم کرتا ہے، علاوہ آزیں شریعہ کمپلائنس میکانزم اس چیز کو یقینی بناتا ہے کہ بنک کے معاملات شریعہ بورڈ کے فتاویٰ جات اور ہدایات کے مطابق ہوں۔ اسلامی بنک میں معاملات شریعت کے مطابق ہونے سے اُس کی کارکردگی پر مثبت اَثرات مرتّب ہوتے ہیں۔لہٰذا کسی بھی اسلامی بنک کے لئے لازم ہے کہ وہ شریعہ بورڈ کے فراہم کردہ تمام فتاویٰ جات اور ہدایات پر سختی کے ساتھ کاربند ہو۔ مندرجہ بالا شریعہ بورڈ کی مجالس کے علاوہ سال بھر تمام اُمور کی نگرانی میں شریعہ کمپلائنس ڈیپارٹمنٹ نے اِس کے ساتھ ہم آہنگی کو یقینی بنایا، مزید براں شریعہ کمپلائنس کو پورے سال مدِّ نظر رکھا جاتا ہے، جس کے نتیجے میں شریعہ بورڈ کی بینک کے شرعی اُمور میں مستقل شمولیت اور مواصلاتی طریقۂ کار کو بروئے کار لاتے ہوئے بینک کے مختلف النّوع معاملات کی بروقت منظوری کو یقینی بنایا گیا۔

(1) چونکہ بورڈ آف ڈائریکٹرز اور ایگزیکٹیو منتظمین اس اَمر کے ذمہ دار ہیں کہ ایم سی بی اسلامک بینک کے جملہ معاملات شریعت کے اُصولوں کے عین مطابق ہوں، لہٰذا ہم (شریعہ بورڈ) ایم سی بی اسلامک بینک کے شریعہ کمپلائنس کی مجموعی صورتِ حال کے بارے میں ایک رپورٹ جمع کرانے کے پابند ہیں۔2023ء میں شریعہ بورڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ساتھ رسمی اِجلاس درجِ ذیل تاریخوں میں منعقد ہوئے:

- شریعہ بورڈ-بورڈ آف ڈائریکٹرز کا پہلا اِجلاس، 26 اپریل 2023 ء
- شریعہ بورڈ-بورڈ آف ڈائریکٹرز کا دوسرا اِجلاس، 19 دسمبر 2023 ء

(2) رپورٹ میں ظاہر کردہ اُمور کے مطابق اپنی رائے دیتے ہوئے عرض یہ ہے کہ ایم سی بی اِسلامک بینک کے شریعہ کمپلائنس ڈیپارٹمنٹ نے ریزیڈنٹ شریعہ بورڈ ممبر/ہیڈ شریعہ کمپلائنس ڈیپارٹمنٹ کی زیرِ نگرانی تمام قسم کے مالی معاملات ، اُن کے جملہ مراحل ،پروڈکٹس، اور اختیار کئے گئے نظریات کا نمونے کی بنیاد پر جائزہ لیا ہے۔شریعہ کمپلائنس ڈیپارٹمنٹ نے شریعہ بورڈ کو بینک کے فرنٹ اور بیک آفسز کی شرعی تعمیل کا جائزہ لینے کے معاملات سے آگاہ رکھا۔ شرعی تعمیل کے جائزے کے لیے شریعہ بورڈ نے برانچز کی فہرست کو منظور کیا۔اس سلسلے میں128 برانچوں کا شرعی معائنہ کیا گیا ہے اور جہاں تک بیک آفسز کے شرعی تعمیل کے جائزے کا تعلق ہے، تواِس کے لیے شریعہ بورڈ کی منظور شدہ فہرست کی تعمیل کو یقینی بنایا گیا ہے۔ہیومین ریسورس گروپ کے لرننگ اینڈ ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ (L&D – HRG) کے تعاون سے فرنٹ اور بیک آفسز کے عملے کے آرکان کی اِسلامی بینکاری، مالیاتی معلومات اور مہارت کو بڑھانے کی غرض سے بینک کے تمام عملے کے لیے شرعی تربیت کو لازمی قرار دیا گیا۔مزید RSBM/Head-شریعہ کمپلائنس ڈیپارٹمنٹ نے ریگولیٹری اور شرعی تقاضوں کی تعمیل کو یقینی بنانے کے لیے جنوبی اور شمالی ریجن کی19 شاخوں کا اچانک دورہ کیا۔اوراِس کی باقاعدہ رپورٹ شریعہ بورڈ اور بورڈ آف ڈائریکٹرز کو پیش کی گئی۔

(3) اسلامک بنکس بنیادی طور پر مختلف جہتوں سے روایتی بنکوں سے جدا ہیں،اِن کا بنیادی اُصول شریعت پر کاربند ہونا ہے۔اگر وہ شریعت پر کاربند نہیں ہوتے تو غیر شرعی معاملات کا احتمال بڑھ جاتا ہے ۔چنانچہ گاہک کے اعتبار کو بحال رکھنے کے لئے مضبوط و مستحکم بنیادوں پر شریعہ کمپلائنس کی موجودگی ضروری ہے۔اسی چیز کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے ایم سی بی اسلامک بینک کے شریعہ بورڈ کی جاری کردہ پانچ ہدایات ولائحۂ عمل اور سات فتاویٰ جات بھی موجود ہیں۔ایم سی بی اسلامک بینک میں شریعہ بورڈ کی جاری کردہ تمام ہدایات ولائحۂ عمل اور فتاویٰ جات پر عملدر آمد کو ان کی اصل روح کے مطابق یقینی بنایا گیا ہے۔

(4) بینک کے منتظمین کے تعاون سے شریعہ کمپلائنس ڈیپارٹمنٹ نے ریزیڈنٹ شریعہ بورڈ ممبر/ہیڈ شریعہ کمپلائنس ڈیپارٹمنٹ کی زیرِ نگرانی 2023ء میں تمام پراڈکٹس کی دستاویزات کا جائزہ لیا ۔شریعہ کمپلائنس ڈیپارٹمنٹ نے شریعہ کو یقینی بنانے کے لئے مختلف برانچز اور بیک آفسز کا معائنہ کیا تاکہ بنک کے معاملات کو شریعہ کے اُصولوں کے مطابق بنایا جائے۔ شریعہ بورڈ نے46 فائنانسنگ کے لائحہ عمل کی دستاویزات، جن میں سے 25 کارپوریٹ ب،15 کمرشل ،اور6 ایس ایم ای بینکاری کے لائحہ عمل کا جائزہ لیا اور اِن کی منظوری دی۔جہاں تک پراڈکٹس کا تعلق ہے ،تو شریعہ بورڈ نے09 شرکتِ متناقصہ 18 تیار شدہ مال پر مرابحہ اور مرابحہ للآمر بالشراء1، 10 اِجارہ، 1 اِستصناع،01 مشارکہ رننگ فائنانس اور1 0 کرنسی سَلم کی پروڈکس کی اس سال منظوری دی ۔

(5) شریعہ کمپلائنس ڈیپارٹمنٹ نے اِسٹیٹ بینک آف پاکستان کے اِسلامی بینکاری ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے جاری کردہ ہدایات پر عملدر آمد کو یقینی بنانے کے لئے بینک کے فرنٹ اور بیک آفس اسٹاف کے لئے اِسلامی بینکاری کی ٹریننگ کے کئی پروگرامز منعقد کئے۔L&D نے اِسٹاف کی اِسلامی بینکاری اور مالیاتی نظام کی معلومات تک آسان رسائی کے لئے کلاس روم سیشنز کا اِنعقاد کیا، اِس کے ساتھ ساتھ لرننگ مینیجمنٹ سسٹم (LMS) کے تحت آن لائن اِسلامک بینکنگ ٹریننگ ماڈیولز بھی اپ لوڈ کیے۔ L&D نے اپنے اِسٹاف کی اِسلامی بینکاری میں تربیت کا عزمِ مصمم کیا ہوا ہے ، لہٰذا اس سال بھی L&D نے شریعہ کمپلائنس ڈیپارٹمنٹ کے تعاون سے عملے کی اِستعداد کار میں اضافے کے لیے تمام ریجنز میں سیشنز منعقد کئے۔شریعہ ٹریننگ سیشنز کلاس روم اور ورچوئل سیشنز دونوں کا مجموعہ تھے جس کی وجہ سے جغرافیائی رکاوٹوں سے نکل کر اسٹاف کے لئے سیکھنے کے بہترین مواقع میسر ہوئے۔

اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے اِسلامی بینکاری ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے جاری کردہ سرکلر (نمبر 2 2018 بتاریخ 29 جون 2018) پر عملدر آمد کو یقینی بنانے کے لئے بینک کی جانب سے مؤثر اور جامع اقدامات کئے گئے۔لہٰذا ایک مؤثر اور جامع پروگرام L&D-HRG کی طرف سے ترتیب دیا گیا، جس کے تحت بینک کے ہر درجہ کے فرنٹ اور بیک آفس اسٹاف کو اِسلامی بینکاری کی ٹریننگ دی گئی۔شریعہ کمپلائنس ڈیپارٹمنٹ کے اسٹاف ممبرز نے شریعہ ٹریننگز کے لئے پورا سال اپنی خدمات پیش کیں۔مزید برآں،ایگزیکٹو مینجمنٹ کی شریعہ ٹریننگ کی ریگولیٹری ضروریات کے ساتھ ساتھ ، شریعہ کمپلائنس ڈیپارٹمنٹ اور L&D نے ایگزیکٹو مینجمنٹ کی مہارت کومزید بڑھانے کی غرض سے اِسلامی بینکاری اور شرعی معیارات،اکاؤنٹنگ اینڈآڈٹنگ آرگنائزیشن برائےاسلامی مالیاتی ادارے AAOIFI کے کورسز تیار کئے ، جنہیں شروع کردیا گیا ہے۔

(6) شریعہ کمپلائنس ڈیپارٹمنٹ نےاِسٹیٹ بینک آف پاکستان کے اِسلامی بینکاری ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے جاری کردہ سرکلر( نمبر1 2021/ ، تاریخ 14جون 2021 )، شریعہ نان کمپلائنس رسک مینجمنٹ SNCRM کی تعمیل کے لیے تمام ضروری اقدام کئے ہیں۔ڈیپارٹمنٹ نے یقینی بنایا ہے کہ SNCRM بینک کے مجموعی رسک مینجمنٹ فریم ورک کا ایک لازمی عنصر ہونا چاہیے۔ مزید برآں ڈیپارٹمنٹ تمام شرعی عدم تعمیل کے معاملات اور لین دین کی رپورٹ بورڈ کی رسک مینجمنٹ اور پورٹ فولیو ریویو کمیٹی اورشریعہ نان کمپلائنس رسک مینجمنٹ کمیٹی کے ساتھ ساتھ شریعہ بورڈ کو سہ ماہی بنیادوں پر کرے گا۔جہاں تک SNCRM کی نگرانی کا تعلق ہے، اس کے ساتھ ایک انتظامی کمیٹی شریعہ نان کمپلائنس رسک مینجمنٹ کمیٹی کے عنوان سے پریزیڈنٹ/سی ای او کی سربراہی میں تشکیل دی گئی ہے جس میں تمام گروپس کی نمائندگی موجود ہے۔یہ کمیٹی آپریشنل/انتظامی سطح پر شرعی عدمِ تعمیل کے رسک کی کڑی نگرانی کے لیے ذمہ دار ہے۔تمام کمیٹیوں کی باقاعدہ میٹنگز کا انعقاد کیا جا رہا ہےاور شریعہ کمپلائنس ڈیپارٹمنٹ تمام شرعی عدم تعمیل کے معاملات اور لین دین کی رپورٹ مذکورہ کمیٹیوں کو دیتا ہے۔

(7) شریعہ بورڈ اپنی جاری کردہ ہدایات و لائحۂ عمل پر عملدرآمد کے اعتبار سے بینک کے منتظمین کی مسلسل اور جامع کوششوں کی تعریف اور حوصلہ افزائی کرتا ہے۔

**سفارشات:**

شریعہ بورڈ شرعی اعتبار سے کئے گئے جائزوں کی جانچ پڑتال کے بعد درج ذیل سفارشات پیش کرتا ہے:

الف۔ مستقبل میں،ریگولیٹری تقاضوں کی تعمیل میں مزید شریعہ ٹریننگز ہونی چاہئیں۔مزید برآں شریعہ بورڈ کلاس روم شریعہ ٹریننگز سیشنز کی بھرپور سفارش کرتا ہے۔تربیتی مقصد کے تحت بنائے گئے مقامات کا انتظام بہتر سے بہتر بنایا جائے تاکہ شرکاءایک علمی اور تربیتی ماحول میں زیادہ سے زیادہ فوائد حاصل کرسکیں۔

ب۔ کارپوریٹ،کمرشل،ٹریڈ ، ایس ایم ای بینکاری کی پروڈکٹس اور شریعہ کی ٹریننگز پر زیادہ توجہ دینے کی ضرورت ہے،لہٰذا بھرپور سفارش کی جاتی ہے کہ عملے کی شرعی اُصولوں کے تناظر میں پروڈکٹ کی تربیت کو یقینی بنایا جائے۔

ج۔ اِسلامی بینکاری اور مالیات کی اصل روح کے مطابق تشہیر اور عام لوگوں کو آگاہی دینے کے ساتھ ساتھ اِسلامی بینکاری کے بارے میں حقیقی شعور پیدا کرنے اور غلط فہمیوں کو دور کرنے کے لئے،ایم سی بی اسلامک بینک کے پلیٹ فارم سے سیمینارز،ورکشاپس اور سوال وجواب کی نشست کا اہتمام کرنے کی سفارش کی جاتی ہے۔

د۔ شریعہ بورڈ قومی اور بین الاقوامی کانفرنسز میں نہ صرف شریعہ بورڈ کے ممبران کی بلکہ دیگر شعبوں کے نمائندگان کی شرکت کی سفارش کرتا ہے ،یہ بینک کے برانڈ امیج اور بینک کے عملے کی صلاحیت میں اضافے کے لیے فائدہ مند ثابت ہوگا۔

ھ۔ شریعہ بورڈ سفارش کرتا ہے کہ فیڈرل شریعت کورٹ کا 28 اپریل 2022ء کا سود کے متعلق فیصلے کو سامنے رکھتے ہوئے ایم سی بی اسلامک بنک دیگر مالیاتی اداروں کو شرعی معاملات میں رہنمائی فراہم کرنے کے لئے شریعہ ایڈوائزری کا شعبہ قائم کرے تا کہ بینکوں کے علاوہ دیگر اداروں کو بھی شرعی اُصولوں کے مطابق رہنمائی فراہم کی جا سکے۔

و۔ شریعہ بورڈ یہ بھی سفارش کرتا ہے کہ حکومتی اداروں کو بھی شریعہ ایڈوائزری خدمات فراہم کی جائیں تا کہ ان کے معاملات بھی شرعی اُصولوں کے مطابق ہوں۔

ز۔ ایم سی بی اسلامک بینک کے اعلیٰ منتظمین کی بھی شریعہ ٹریننگز کی بھرپور سفارش کی جاتی ہے۔

ح۔ مزید برآں مائیکرو فائنانس سرگرمیوں کو جاری رکھنے کی سفارش کی جاتی ہے۔ ایم سی بی اِسلامک بینک کو ملک میں مائیکرو فائنانس کی ضرورت کے سبب اِسلامی مائیکرو فائنانس کی حوصلہ اَفزائی کرنی چاہئے۔ اِسلامی مائیکرو فائنانس کے ذریعے، اِسلامی بینکاری کی صنعت کم سرمایہ کے ساتھ کام کرنے والے تاجروں کی سہولت کے لئے ابتدائی درجہ پر کام کر سکتی ہے۔ اس سے اسلامی بینکاری کی عام تاجروں اور لوگوں میں مقبولیت میں اضافہ ہو گا۔

ط۔ جہاں تک بینک کے داخلی ماحول کا تعلق ہے، تو فرنٹ اور بیک آفس کے تمام عملے کو ڈریس کوڈ کی سختی سے پیروی کرنے کی بھرپور تاکید کی جاتی ہے

ی۔ اسٹاف کا لباس ایم سی بی اسلامک بینک ڈریس کوڈ پالیسی، ثقافتی اُصولوں اور شرعی تقاضوں کے مطابق شرم وحیا کی عکاسی کرتا ہو۔ اس کی خلاف ورزی کی صورت میں تادیبی کاروائی کی سفارش بھی کی جاتی ہے۔

ک۔ یہ تجویز دی جاتی ہے کہ زیادہ سے زیادہ کسٹمر پورٹ فولیو کو تکافل میں منتقل کیا جائے، جو کہ اسلامی اُصولوں کے مطابق ہے۔

ل۔ تاکید کے ساتھ یہ ہدایت کی جاتی ہے کہ رننگ مشارکہ سے متعلق جتنے بھی تاخیر شدہ مسائل ہیں، بالخصوص حکومتی اداروں کے ساتھ، اُن کو جلد از جلد حل کیا جائے۔ علاوہ ازیں دوسرے بینکوں کے ساتھ فنڈ پلیسمینٹ کے تحت کئے جانے والے مشارکہ یا مضاربہ کے منافع کی تقسیم کے حوالے سے مسائل کو حل کرنے کی تاکید کی جاتی ہے۔

م۔ تاخیر سے ادائیگی کی وجہ سے عائد چیریٹی فنڈ کو وصول کیا جائے یا اس میں مستثنیٰ (exempt) اور مؤخر (deferrer) کی درخواست پر بینک کی چیریٹی پالیسی کے مطابق شریعہ بورڈ سے منظوری لی جائے۔

**خلاصہ کلام:**

شریعہ بورڈ نے ایس بی پی معائنہ رپورٹ، بیرونی اور داخلی شریعہ آڈٹ اور شریعہ کمپلائنس کی رپورٹس کو دیکھنے کے بعد اِصلاحی اقدامات کے لئے ہدایات دیں، لہٰذا شریعہ بورڈ کے مطابق:

الف۔ ایم سی بی اسلامک بینک نے شریعہ بورڈ کے جاری کردہ فتاویٰ جات اور ہدایات ولائحۂ عمل کے مطابق شرعی اُصول وضوابط کو پورا کیا ہے۔

ب۔ ایم سی بی اسلامک بینک نے حقیقی معنوں میں اصل روح کو مدّ نظر رکھتے ہوئے ایس بی پی انسپیکشن رپورٹ پر عملدرآمد کیا ہے۔

ج۔ ایم سی بی اِسلامک بینک، اِسٹیٹ بینک آف پاکستان کے اَحکامات، قوانین وہدایات اور لائحۂ عمل (جو اِسٹیٹ بینک آف پاکستان کے شریعہ ایڈوائزری کمیٹی کے احکام کے مطابق ہیں) سے ہم آہنگ ہے۔

د۔ بینک کے پاس اپنے مجموعی آپریشنز میں شریعہ کمپلائنس کو یقینی بنانے کے لیے ایک جامع طریقہ کار موجود ہے۔

ھ۔ جہاں تک چیریٹی فنڈ کا تعلق ہے، ہر طرح کے چیریٹی فنڈ جمع کرنے کے لئے علیحدہ نان چیکنگ، لائیبیلیٹی اکاؤنٹ کھولے جاتے ہیں۔

i. ادائیگی میں تاخیر کی وجہ سے چیریٹی،

ii. باطل معاملات کی وجہ سے چیریٹی،

iii. منافع (ڈیویڈنڈ، Dividend) میں سے غیر شرعی منافع منہا کرنے کی وجہ سے چیریٹی۔

عام طور پر مذکورہ بالا تمام مدّات میں جمع کی گئی رقوم اپنے اپنے "شریعہ کمپلائنٹ نفع بخش چیریٹی کلیکشن فنڈ اکاؤنٹ" میں شریعہ بورڈ/ریزیڈنٹ شریعہ بورڈ ممبر کی صوابدید پر جمع کی جاتی ہیں، چیریٹی فنڈ، چیریٹی کمیٹی/شریعہ بورڈ کے منظور شدہ کسی خیراتی، معاشرتی بہبود، مذہبی یا تعلیمی مقاصد کے لئے

و۔ استعمال ہوتا ہے۔

سال2023ء میں چیریٹی فنڈ کی مختلف مدّات میں جمع کی گئی رقوم میں کل اضافہ 26.619 ملیّن رہا، جس کو چیریٹی اکاؤنٹ میں منتقل کرنے کی ہدایت کی گئی۔

| اِمسال چیریٹی فنڈ میں اضافہ | روپے(000)میں |
|---|---|
| صارف کی طرف سے ادائیگی میں تاخیر کی وجہ سے | 25,353 |
| منافع(ڈیویڈنڈ,Dividend) میں سے غیر شرعی منافع منہا کرنے کی وجہ سے | 451 |
| باطل معاملات کی وجہ سے | 14 |
| چیریٹی سیونگ اکاؤنٹ پر منافع | 801 |
| اِمسال چیریٹی فنڈ میں کل اضافہ | 26,619 |

ز۔ بینک نے چیریٹی کی رقم شریعہ سے منظور شدہ خیراتی اداروں کو ایم سی بی اسلامک بینک کی چیریٹی پالیسی اور اِسٹیٹ بینک کی ہدایات ولائحۂ عمل کے مطابق فراہم کی ہے۔ چیریٹی اکاؤنٹ کی تفصیلات نوٹ نمبر 19.2.1 میں دستیاب ہیں ۔شریعہ بورڈ بینک کے شریعہ کمپلائنس ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے ایک مضبوط شریعہ کمپلائنس ماحول کو برقرار رکھنے کے عمل کو سراہتا ہے ۔شریعہ بورڈ سال2023ء کے دوران شریعہ کمپلائنس ڈپارٹمنٹ/RSBM کی طرف سے کی گئی کوششوں کی تعریف کرتا ہے۔

ح۔ ایم سی بی اسلامک بینک کے نفع ونقصان کی تقسیم اور پُول کی اِنتظام کاری اِسٹیٹ بینک آف پاکستان کی ہدایات کے مطابق ہے۔

ط۔ اگرچہ بینک فعّال طریقے سے اپنے افرادِ کار کو اسلامی بینکاری اور مالیاتی نظام کے بارے میں تربیت دے رہا ہے۔ اور اس سلسلے میں ایک نیا تربیتی پروگرام "نیو ہائر اور ینٹیشن اینڈ انڈکشن سرٹیفیکیشن پروگرام" بھی متعارف کرایا گیا ہے، تاہم افرادِ کار، اعلیٰ سطحی اِنتظامیہ اور بورڈ آف ڈائریکٹرز میں آگہی پیدا کرنے کی غرض سے اِسلامی بینکاری کی تربیت میں مزید اضافے کی ضرورت ہے۔ اِنتظامیہ اور بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اخلاص پر مبنی کوششیں کی ہیں اور اُنہوں نے ایم سی بی اسلامک بینک میں شریعہ کمپلائنس کی اہمیت کو سراہا ہے۔

ی۔ شریعہ بورڈ کو اپنی ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہونے کے لئے خاطر خواہ وسائل فراہم کئے گئے ہیں۔

ک۔ شریعہ بورڈ، ایم سی بی اِسلامی بینک لمیٹڈ کے شریعہ کمپلائنس ڈیپارٹمنٹ/ریزیڈنٹ شریعہ بورڈ ممبر کی کاوشوں کا اعتراف کرتے ہوئے اس قابلِ ذکر اَمر کی تعریف کرتا ہے کہ شریعہ کمپلائنس ڈیپارٹمنٹ/ریزیڈنٹ شریعہ بورڈ ممبر نے بینک کے شریعہ کمپلائنس ماحول کو برقرار رکھتے ہوئے شریعہ گورننس فریم ورک کی تعمیل کو یقینی بنایا۔

وَاللّٰہُ سُبۡحَانَہُ وَتَعَالیٰ اَعۡلَمُ

| مفتی سیّد صابر حسین | پروفیسر مفتی منیب الرّحمٰن | مفتی ندیم اقبال |
|---|---|---|
| ریزیڈینٹ شریعہ بورڈ ممبر | چیئرمین شریعہ بورڈ | شریعہ بورڈ ممبر |

تاریخِ اِجراء : ۱۵فروری ۲۰۲۴ء